شذرہ

حاجی فیاض حسن سجاد کی رِحلت

عبداللطیف خالد چیمہ

روز نامہ ''جنگ کوئٹہ'' کے سینئر ترین صحافی، تحفظ ختم نبوت کے مبارک محاذ کے تادمِ زیست متحرک کارکن حاجی فیاض حسن سجاد ۶ ؍ جون ۲۰۱۲ء بدھ کو اس دنیا سے رِحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! حاجی صاحب مرحوم کے آباؤ اجداد کا تعلق ضلع گورداسپور سے تھا، پنجاب کے علاقے مائی ٹاکرہ میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کوئٹہ میں حاصل کی۔ دینی شعور، شرافت اور اولوالعزمی ان کو وراثت میں ملی تھی۔ اُن کا مسکن ایک ایسا صوبہ تھا، جس پر قادیانی فتنے کی نظریں لگی ہوئی تھیں۔ تب ۱۹۵۳ء میں مجلس احرارِ اسلام کی میزبانی میں ''کُل جماعتی مجلس عمل تحفظ ختمِ نبوت'' نے تحریک تحفظ ختمِ نبوت برپا کی جس سے قادیانی عزائم چکنا چور ہو گئے لیکن قادیانیوں نے بلوچستان پر نظر رکھی، ۱۹۶۸ء میں مرحوم کی کوششوں سے ژوب میں تحفظ ختمِ نبوت کے کام کے لئے ''مجلس تحفظ ختمِ نبوت'' کے کام کا آغاز ہُوا اور آج الحمدللہ پورے صوبے میں کوئی قادیانی عبادت گاہ نہیں ہے۔ کوئٹہ میں جو ایک تھی وہ بھی ۹ ؍ مئی ۱۹۸۶ء سے تاحال سیل ہے، قافلۂ احرار سے نسبت و تعلق کی وجہ سے راقم الحروف طبعاً مزاجاً تحفظ ختمِ نبوت کے کام کو زیادہ ترجیح دیتا ہے اور میرے لئے یہ سعادت ہے کہ میں نے نہ صرف ملک بھر بلکہ پوری دنیا میں کسی بھی مسلک اور کسی بھی جماعت سے تعلق رکھنے والے تحفظ ختمِ نبوت کے کارکنان سے رابطے کو حرزِ جاں بنایا ہُوا ہے۔ اِس حوالے سے حاجی فیاض حسن سجاد سے پہلا رابطہ اغلباً ۱۹۸۴ء میں اُس وقت ہوا جب میں ''شہداء ختمِ نبوت ساہیوال'' کے مقدمہ میں مصروف تھا۔ تب سے اُن کے انتقال پُر ملال تک ہمارے باہمی تعلق خاطر میں کوئی ایک بھی ''نشیب'' نہیں آیا بلکہ فراز ہی فراز آئے اور آتے ہی گئے۔ تحفظ ختمِ نبوت کے کام اور قادیانی ریشہ دوانیوں کے حوالے سے ممکن حد تک ملک کے ہر کونے اور دنیا کے ہر گوشے پر نگاہ رکھنے کی سعادت اللہ تعالیٰ نے عطا فرما رکھی ہے اِسی وجہ سے ہمارا ان کا دن رات رابطہ رہتا، اتنا قدر دان! کہ میں بتانے سے قاصر ہوں! ہماری سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کیسے فرماتے اس پر مستقل مضمون کی ضرورت ہے۔ گزشتہ سال لاہور اپنے بھانجے کی شادی کے لئے تشریف لائے تو ولیمہ میں شرکت کے لیے دعوت دی، میرا خیال تھا کچھ دیگر حضرات بھی لازماً ہوں گے، حاضر ہُوا تو ان کے اعزہ اور گھریلو مہمانوں کے سوا صرف مجھے مدعو کیا، سوچ سوچ کر دل میں شرمندہ ہُوا بعدازاں لاہور آئے تو اہتمام کے ساتھ دفتر احرار بھی تشریف لائے جہاں میاں محمد اویس نے ان کی میزبانی کی، تکلف اور تصنع سے کوسوں دور تواضع اور توازن کے پیکر فیاض

حسن سجاد کو جب اطلاع دی کہ راقم ۲۷ رفروری کو دفاع پاکستان کونسل کی ایک میٹنگ میں شرکت کے لئے کوئٹہ آرہا ہے تو کتنے خوش ہوئے، باربار فون کرنا تو ان کا مستقل معمول تھا، بس سیٹ جلدی کروالیں، قیام میرے پاس ہے آپ کا! کئی لوگ اس طرح کہتے بھی ہیں اور کرتے بھی! لیکن فیاض صاحب کے کہنے میں محبت والفت کی کیفیت صرف محسوس ہی کی جاسکتی تھی۔ میں ۲۶ رفروری کو کوئٹہ ائر پورٹ پہنچا تو وہ سراپا انتظار تھے، بیٹا ارسلان اور قاری محمد حمزہ ملوک ان کے ہمراہ تھے اُن کے علاوہ دوسرے ساتھی بھی پہنچے ہوئے تھے مگر ان کے ساتھ جانے کی ہمت مجھے کیسے ہوسکتی تھی! تین دن وہ کس طرح پیش آئے اور آتے ہوئے کیسے روانہ کیا! اللہ نے توفیق وزندگی دی تو پھر کبھی لکھوں گا

''خُدا رحمت کنند ایں عاشقان پاک طینت را''

بلاشبہ وہ ہماری سرگرمیوں کے سرپرست اور حقیقتاً میرے محسن بھی تھے۔ ہم عشق رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ڈوبے ہوئے اپنے بھائی، دوست سے محروم ہوگئے ہیں۔ اِس موقع پر ادارہ نقیبِ ختمِ نبوت اور مجلس احرارِ اسلام، مرحوم کی اہلیہ محترمہ، مرحوم کے قابل قدر فرزندان سلمان فیاض، عثمان فیاض اور ارسلان فیاض کے علاوہ ان کے وسیع حلقۂ احباب، روزنامہ ''جنگ'' کے کارپردازان اور عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت سے اِظہارِ تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل اور صدقے مرحوم کی حسنات کو قبولیت سے نوازیں اور سیئات سے درگزر فرمائیں، امین یارب العالمین۔

قارئین متوجہ ہوں

قارئین کی طرف سے اکثر یہ شکایت موصول ہوتی ہے کہ ہمیں سالانہ چندہ ختم ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ملی اور رسالہ بند کردیا گیا ہے۔ اس شکایت کے ازالے اور قارئین کی سہولت کے لیے لفافے پر پتا کے اوپر مدت خریداری درج کردی گئی ہے۔ (زرتعاون سالانہ) اکثر قارئین کا جون ۲۰۱۲ء میں ختم ہو چکا ہے پہلے جون ۲۰۱۲ اور اب جولائی ۲۰۱۲ء کا شمارہ بھی انھیں ارسال کیا جارہا ہے۔ ایسے قارئین جن کا زرِ تعاون ختم ہو چکا ہے براہِ کرم جولائی ہی میں اپنا سالانہ زرِتعاون ۲۰۰ روپے ارسال فرما کر نئے سال کے لیے تجدید کرالیں۔ یہ رقم منی آرڈر یا درج ذیل موبائل نمبر 0300-6326621 پر ایزی لوڈ کے ذریعے بھی بھیجی جاسکتی ہے۔ ایزی لوڈ کراتے وقت اس کا خرچ خود ادا کریں۔ ادارے کو پورے -/200 روپے موصول ہوں۔ بصورت دیگر آئندہ کے لیے رسالہ کی ترسیل سے معذرت! (سرکولیشن منیجر)

''نقیب ختم نبوت'' کی ترسیل، شکایات اور دیگر معلومات کے لیے رابطہ نمبر: 0300-7345095